© rasailojaraid.com

# اربابِ مدارس خصوصی وفوری توجہ فرمائیں!

(۱) پاکستان کے دینی مدارس اور مساجد کے لئے موجودہ دور، دورِ ابتلاء ہے۔ انابت الی اللہ اور دُعاؤں کے خصوصی اہتمام کی ضرورت ہے۔ مساجد و مدارس کے ناخیر خواہوں سے نجات کے لئے آیت کریمہ کا وِرد کیا جائے۔

(۲) کسی بھی غیر ملکی طالب علم کو مکمل قانونی دستاویزات کے بغیر داخلہ نہ دیا جائے۔

(۳) تمام مدارس از متوسطہ تا عالمیہ ''وفاق'' کے نصاب کی پابندی فرماویں۔ اگر نصاب میں کسی قسم کی تبدیلی لائی گئی تو ''وفاق'' تمام مدارس کو بروقت اطلاع دے گا۔

(۴) بعض علاقوں میں مقامی انتظامیہ نے مدارس کو انتقامی کارروائی کا نشانہ بنایا ہے، تمام مقامی علماء متأثرہ ادارہ سے تعاون کرتے ہوئے ازالہ کی بھرپور کوشش فرمائیں۔ ضرورت ہو تو ''وفاق'' سے رابطہ فرمائیں۔

**من جانب: وفاق المدارس العربیہ پاکستان**

© rasailojaraid.com